## سوال

نماز میں ہر سورت کے شروع میں بسم اللہ پڑھنے کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نماز میں ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد جب کوئی دوسری سورت ملائیں تو کیا ہر سورت کے لئے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنا ضروری ہے۔ ؟

جزاکم اللہ خیرا

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس مسئلہ میں اہل علم کے ہاں مختلف آراء پائی جاتی ہیں۔ لیکن راجح موقف یہ ہے کہ اگر سورۃ کے شروع سے قراءت کی جائے تو سورۃ توبہ کے علاوہ ہر سورت کے شروع میں بسم اللہ پڑھی جائے گی، کیونکہ یہ سورۃ توبہ کے علاوہ ہر سورۃ کے شروع میں لکھی ہوئی موجود ہے۔

اور اگر سورۃ کے درمیان سے قراءت کی جائے تو بسم اللہ پڑھنا ضروری نہیں ہے۔ اس وقت سورہ فاتحہ کے شروع میں پڑھی گئی بسم اللہ ہی کافی ہوجائے گی۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث